سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ نیشنل عاملہ اور قائدین مجلس خدام الاحمدیہ سوئٹزرلینڈ کی ملاقات

مجلس خدام الاحمدیہ سوئٹزرلینڈ کی نیشنل عاملہ، ریجنل قائدین اور قائدین مجالس اور محترم مبلغ انچارج صاحب سوئٹزرلینڈ پر مشتمل 26/افراد کے ایک وفد نے مورخہ 3/فروری 2018ء کو دوپہر گیارہ بج کر پچاس منٹ پر محمود ہال مسجد فضل لندن میں حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے اجتماعی ملاقات کی سعادت حاصل کی۔ الحمدللہ رب العالمین۔ اس وفد نے 2/فروری 2018ء کو نمازِ جمعہ نیز اپنے سہ روزہ لندن قیام کے دوران زیادہ تر نمازیں حضورِ انور کی اقتدا میں ادا کیں۔

یہ وفد سوئٹزرلینڈ سے خصوصی طور پر اپنے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت حاصل کرنے کے لئے لندن آیا تھا۔ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے مجلس خدام الاحمدیہ سوئٹزرلینڈ کی مرکزی عاملہ کی ملاقات تین سال قبل ہوئی تھی۔

ملاقات کا آغاز دعا سے ہوا۔ بعد ازاں سب خدام نے فرداً فرداً حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو اپنا تعارف کروایا۔ دورانِ ملاقات حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ممبران عاملہ کو مختلف نصائح فرمائیں جو قارئین کے استفادہ کے لئے پیش کی جارہی ہیں :

شعبہ اعتماد:

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے معتمد صاحب سے پوچھا کہ کتنی مجالس کی باقاعدگی سے رپورٹس آتی ہیں؟ اس پر معتمد صاحب نے عرض کیا کہ تمام مجالس ہی باقاعدگی سے رپورٹ بھیجتی ہیں اور پھر ان کو اکٹھا کر کے حضورِ انور کی خدمت میں ایک ماہانہ رپورٹ تیار کر کے بھیجی جاتی ہے۔

شعبہ مال:

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس بات کی طرف توجہ دلائی کہ گھروں میں بیٹھ کر بجٹ لکھنے کی بجائے لوگوں کے پاس جائیں اور اُن سے پوچھیں کہ بجٹ کیا لکھوانا ہے؟ اُن کی آمدنی نہ پوچھیں کیونکہ آمدنی پوچھنے سے اکثر لوگ ناراض ہوتے ہیں۔ سب سے پہلے اُن کو بجٹ کے قواعد بتائیں، خدام کو یہ سمجھائیں کہ اپنی اصل آمد پر چندہ دیا کریں۔ اگر اصل آمد سے کم پر چندے کی ادائیگی کرنی ہے تو اس کی خلیفۂ وقت سے اجازت لیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مزید فرمایا کہ آپ کے پاس مکمل ریکارڈ ہونا چاہئے کہ کتنے کام کرنے والے ہیں، کتنے Students ہیں اور ان میں سے کتنے چندہ دے رہے ہیں۔

شعبہ تربیت :

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس شعبہ کی رپورٹ لیتے ہوئے ہدایت فرمائی کہ نماز باجماعت کی طرف خاص توجہ دیں۔ جو مسجدوں کے قریب رہتے ہیں وہ وہاں جا کر نماز ادا کریں ورنہ نماز سینٹر بنائیں اور اکٹھے ہو کر نماز پڑھی جائے۔ حضور انور نے ایک قائد مجلس سے دریافت فرمایا کہ آپ اکیلے رہتے ہیں یا والد صاحب کے ساتھ؟ اس پر انہوں نے جواب دیا کہ اکیلا رہتا ہوں لیکن والد صاحب کے قریب ہی گھر ہے۔ حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ اپنے والد صاحب کے گھر نماز سینٹر بنائیں اور باجماعت نماز ادا کریں۔ **حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مزید فرمایا** کہ عاملہ اور قائدین کے لئے بہت ضروری ہے کہ وہ ان باتوں پر خود عمل کر کے دوسروں کے لئے نمونہ بنیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مجلس جنیوا (Geneva) کے قائد صاحب کو ہدایت فرمائی کہ وہ روزانہ نماز باجماعت نماز سینٹر میں ادا کیا کریں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے عشرہ نماز کے انعقاد کی طرف بھی توجہ دلائی۔ نیز فرمایا کہ قیامِ نماز کی کوشش سارا سال رہنی چاہئے اور ہر مجلس تک یہ بات پہنچائیں۔

علاوہ ازیں تربیت کے حوالے سے حضور انور نے درج ذیل زرّیں نصائح سے نوازا:

☆ بچوں اور والدین کا دوستانہ تعلق ہونا چاہئے۔

8–10 سال کے اطفال کی طرف خاص توجہ دیں۔ سکولوں میں جو اُنہیں سکھایا یا بتایا جاتا ہے، اُنہیں پیار سے سمجھائیں کہ مذہبی نقطۂ نگاہ سے اس کی کیا اہمیت ہے اور اسلام اس بارے میں کیا کہتا ہے۔

☆ اس طرح کی تربیت ہو کہ ہر طفل اور خادم جو وقفِ نَو میں ہے جامعہ میں جائے۔

☆ ایک صاحب نے ایسی مجالس کے حوالہ سے سوال کیا جن میں ایک یا دو طفل ہیں یا مجلس کی تجنید کم ہے اور مرکز سے بھی دُور ہے۔ **اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا** کہ مرکز سے کم از کم ہر دو ماہ بعد دورہ ہونا چاہئے۔ اور دوسرا طریقہ یہ بھی ہے کہ اُن کے قریب پروگرام منعقد کریں۔

شعبہ صحت جسمانی:

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مجلس عاملہ کو ہدایت فرمائی کہ اپنی صحت کا خیال رکھیں اور کھیلوں میں حصہ لیا کریں۔ سال میں 8-10 سپورٹس ڈے (Sports Day) ہونے چاہئیں۔

شعبہ خدمت خلق و تبلیغ:

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ ایسے پروگرام بنائیں جیسے درخت لگانا وغیرہ۔ ایک تو یہ کافی لمبے عرصہ کے لئے ہوتے ہیں اور دوسرا اس سے جماعت کا پیغام لوگوں تک بہت زیادہ پہنچتا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا گیا کہ سالِ نَو کے آغاز پر خدام الاحمدیہ کی طرف سے وقارِ عمل کیا جاتا ہے۔ اس پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ ایسے کوئی بھی پروگرام کریں تو یہ بہت ضروری ہے کہ اخباروں میں چھپوائیں اور زیادہ سے زیادہ ان پروگراموں کی اطلاع دیں۔ اس سے تبلیغ کے نئے راستے کھلتے ہیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے درج ذیل ضروری امور کی طرف توجہ دلائی:

☆ قائد مجلس کا تعلق اپنے خدام کے ساتھ اتنا گہرا ہونا چاہئے کہ وہ اپنی ہر بات ان سے شیئر کر سکیں۔ اپنے خدام کی مشکلات جاننے کی کوشش کریں اور اُن کے ساتھ ایک دوستانہ تعلق قائم کریں۔ ہر قائد مجلس کو اپنے ہر ایک خادم کے بارے میں مکمل معلومات ہونی چاہئیں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ یہ تبھی ممکن ہے جب ان باتوں پر عملدرآمد کیا جائے۔

☆ خدام کو زیادہ سے زیادہ مسجد کے قریب لانے کی کوشش کریں۔

☆ اگر ممکن ہو تو ایک ممبر عاملہ کو ایک ہی شعبہ کی ذمہ داری دی جائے۔

حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ یہ ملاقات نمازِ ظہر تک جاری رہی۔ بعد ازاں گروپ فوٹو ہوئی۔ حضورِ انور کے ہمراہ ہونے والی تصویر کے دوران حضورِ انور نے محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ سوئٹزرلینڈ سے فرمایا کہ آپ رائڈنگ وغیرہ کے لئے اسلام آباد بھی گئے ہیں؟ چنانچہ حضورِ انور کے ارشاد پر یہ وفد اگلے ہی روز اسلام آباد (ٹلفورڈ) گیا اور 'خیل للرحمٰن' کلب کا وزٹ کیا۔ بعد ازاں ممبرانِ وفد جامعہ احمدیہ یوکے کے تعارفی دورہ کے بعد لندن واپس پہنچے جہاں سے ان کی سوئٹزرلینڈ واپسی ہوئی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مجلس خدام الاحمدیہ سوئٹزرلینڈ کو بہترین انداز میں حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصر العزیز کی ہدایات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین